Higher School Certificate (HSC) minimum standard

Information for parents and carers

ہائر سکول سرٹیفکیٹ (HSC) کا کم از کم معیار

والدین اور نگرانوں کے لیے معلومات

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

NSW ایجوکیشن سٹینڈرڈز اتھارٹی ((NSW Education Standards Authority (NESA)) کی طرف سے ہائر سکول سرٹیفکیٹ (HSC) کے کم از کم معیار کی پالیسی متعارف کروانے کا مطلب یہ ہے کہ NSW میں طالبعلموں کو اپنا ہائر سکول سرٹیفکیٹ (HSC) لینے کے لیے پڑھنے، لکھنے اور ریاضی کے ایک کم از کم معیار کا ثبوت دینا ہو گا۔

طالبعلم تین شعبوں یعنی پڑھنے، لکھنے اور ریاضی میں HSC کے کم از کم معیار کے ٹیسٹ دیں گے۔ ہر آن لائن ٹیسٹ 45 منٹ کا ہے اور ان حصوں پر مبنی ہے:

- پڑھنے کا ملٹیپل چوائس (درست جواب چننے کا) ٹیسٹ؛
- ریاضی کا ملٹیپل چوائس (درست جواب چننے کا) ٹیسٹ؛ اور
- ایک تحریری ہدایت یا تصویر کی روشنی میں لکھنے کا ٹیسٹ (500 الفاظ تک)

HSC کا کم از کم معیار حاصل کرنے کے لیے طالبعلموں کو تینوں ٹیسٹوں میں لیول 3 یا 4 حاصل کرنا ہو گا۔ اس کا مطلب ہے کہ جو طالبعلم یہ معیار رکھنے کا ثبوت دیں، انہیں وہ بنیادی عملی مہارتیں حاصل ہیں جو روزمرّہ زندگی، کام اور مزید تعلیم میں استعمال ہوتی ہیں۔

طالبعلموں کو یہ آن لائن ٹیسٹ دینے کے لیے جماعت 10 سے جماعت 12 کے آخر تک ہر سال کئی مواقع ملتے ہیں۔ ہر ٹیسٹ کو دوبارہ دینے کے لیے ایک انتظار کا عرصہ ہوتا ہے۔

سکول طالبعلموں کوHSC کا کم از کم معیار حاصل کرنے کے لیے مدد دیں گے۔ سکول میں پریکٹس ٹیسٹ دستیاب ہیں اور NESA کی ویب سائیٹ پر سوالوں کے نمونے دستیاب ہیں:
https://educationstandards.nsw.edu.au/wps/portal/nesa/11-12/hsc/hsc-minimum-standard/online-tests

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ کا بچہ اضافی ضروریات رکھتا ہے اور وہ HSC کے کم از کم معیار کے ٹیسٹوں کے لیے اضافی سہولتیں لینے کا اہل ہو گا تو براہ مہربانی سکول میں اس رابطہ شخص کو فون کریں جس کا نام نیچے دیا گیا ہے:

سکول کے رابطہ شخص کا نام

سکول کے رابطہ شخص کا فون نمبر

نیک تمناؤں کے ساتھ

پرنسپل

سکول کا نام

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔